Sarva Shiksha-2015-16 (Free)



گنگا

اے شاندار گنگا
اے پُر بہار گنگا
گنگوتری سے نکلی کیسی اُچھل اُچھل کر
اور پربتوں سے اتری پہلو بدل بدل کر
پتھر بہائے تونے جو راستے میں آئے
کودی بلندیوں سے جلوے عجب دکھائے
ایک راہ میں بنائے سو آبشار گنگا
اے شاندار گنگا
اے پُر بہار گنگا
جنگل پہاڑ چھوڑے، میداں بسائے تونے
اب اور ہی طرح کے نقشے جمائے تونے
گنگا بہائی ایسی، کھیتوں کو بھر دیا ہے
پودوں کو جان دی ہے پھولوں کو زر دیا ہے
سیراب کردیا ہے ہر لالہ زار گنگا
اے شاندار گنگا
اے پُر بہار گنگا
ہیں شہر پیارے پیارے اکثر تیرے کنارے
تیرتھ ترے کنارے، مندر ترے کنارے

Sarva Shiksha-2015-16 (Free)

جل ہے پوتر تیرا، مٹی بھی تیری پیاری
پاکیزگی کی دیوی، پاکیزہ ہے تو ساری
تجھ کو تیرے پجاری، کرتے ہیں پیار گنگا
اے شاندار گنگا
اے پُر بہار گنگا

راتوں کو چاند تارے لہروں میں جھومتے ہیں
پھولوں بھرے کنارے پیروں کو چومتے ہیں
سورج بکھیرتا ہے کرنوں کی ہار تجھ پر
اور کرتی ہیں ہوائیں نقش ونگار تجھ پر
سب ہیں نثار تجھ پر سب ہیں نثار گنگا
اے شاندار گنگا
اے پُر بہار گنگا



پڑھیے اور سمجھیے:

پُر بہار	:	(پُر+ بہار) بہار سے بھری ہوئی
گنگوتری	:	اس جگہ کا نام جہاں سے گنگا نکلتی ہے
آبشار	:	جھرنا
نقشہ جمانا	:	رنگ جمانا، حاوی ہونا
زر	:	سونا
سیراب کرنا	:	پانی بھرنا
لالہ زار	:	(لالہ+زار) وہ باغ جس سے لالے کے پھول کھلے ہوں۔ مراد ہر باغ
تیرتھ	:	زیارت کی جگہ
پوتر	:	پاک
پاکیزگی	:	پاک ہونا
نقش ونگار کرنا	:	گل بوٹے بنانا
نثار	:	قربان

سوچیے اور بتایئے:

(۱) گنگا کہاں سے نکلتی ہے؟

(۲) گنگا کو شاندار کیوں کہا ہے؟

(۳) گنگا کے بہنے کو شاعر نے کس انداز میں بیان کیا گیا ہے؟

Sarva Shiksha-2015-16 (Free)

(۴) گنگا کہاں کہاں سے بہتی ہے؟

(۵) گنگا کے پانی کو پاک کیوں کہا ہے؟

(۶) ''راتوں کو چاندتارے لہروں پہ جھومتے ہیں'' اس مصرع میں کون سی کیفیت بیان کی گئی ہے؟

(۷) ''پھولوں بھرے کنارے پیروں کو چومتے ہیں'' اس مصرع میں کس بات کی طرف اشارہ کیا گیا ہے؟

خالی جگہ پُر کیجیے:

گنگوتری سے نکلی کیسی..........................کر

اور پربتوں سے اُتری..........................کر

جنگل پہاڑ چھوڑے..........................بہائے تونے

اب اور ہی طرح کے..........................جمائے تونے

سیراب کردیا ہے ہر..........................

آیئے کریں:

اس نظم کے پسندیدہ اشعار کو یاد کریں اور درجہ میں لحن کے ساتھ پیش کریں۔

نیچے لکھے اشعار سے آپ کیا سمجھتے ہیں لکھیے:

- جنگل پہاڑ چھوڑے، میداں بسائے تونے
اب اور ہی طرح کے نقشے جمائے تونے
- گنگا بہائی ایسی، کھیتوں کو بھر دیا ہے
پودوں کو جان دی ہے، پھولوں زر دیا ہے
- ہیں شہر پیارے پیارے، اکثر ترے کنارے
تیرتھ تیرے کنارے مندر تیرے کنارے

ہم میں کون کون سی خوبیاں ہیں؟ درجہ میں ہر عنوان پر مناظرہ کریں:

(۱) پھول (۲) پانی (۳) پیڑ (۴) سورج (۵) آدمی

آپ بھی کیجیے:

☆ گنگا ندی کی تصویر بنایئے جس میں قدرت کی عکاسی ہو؟

☆ گنگا ندی کے کنارے آباد شہروں کی تصویر جمع کیجیے؟

زبان کے علاوہ اس سبق میں دوسرے مضامین کی کون کون سی خوبیاں دی گئی ہیں؟